لِنگم پوجا ہوتی تھی۔ کہا ہے کہ حجرِ اسود (لنگم) کے لیے قربانی کی جاتی ہے۔ ہمارا مقصد پاکستان کو ختم کرکے سندھو دیش بنانا ہے۔ اِس سلسلے میں محمد موسیٰ بھٹو نے تفصیلات دی ہیں۔

آج جب پانی سر سے گذر چکا ہے تو لوگ مضطرب ہوتے ہیں، مگر پچھلے ۴۳ سال میں کسی حکمران اور دانشور کو اس کے سدِ باب کا خیال نہ آیا اور نہ آج کوئی صحیح تدبیر عمل میں لائی جا رہی ہے۔

ماہنامہ آموزگار | مدیر: اکبر رحمانی - پتہ: کاشانۂ سہیل، بھوانی پیٹھ، جلگاؤں ۴۲۵۰۰۱ قیمت فی شمارہ ۳/- روپے۔ سالانہ ۳۵/- روپے۔ بیرونی ممالک سے ۱۰۰/- روپے۔

اس رسالے کا پہلے بھی ہم تذکرہ کر چکے ہیں۔ ہندوستان کے مشکل حالات میں یہ رسالہ نظامِ تعلیم، مسائلِ تعلیم، نصاب اور درسیات کے متعلق نہایت مفید مضامین اور تنقیدیں شائع کرتا ہے، جو اساتذہ کے لیے خاص طور پر مفید ہیں۔

شیعہ حضرات کی اسلام سے بغاوت | تحریر: قاری اظہر ندیم - افادات: شیرِ اسلام مولانا حق نواز جھنگوی - ناشر: سپاہ صحابہؓ، پاکستان - قیمت ۳/- روپے - ملنے کا پتہ: عمران اکیڈمی، ۳۸ بی اُردو بازار، لاہور۔

اس پمفلٹ میں شیعی کتب کے حوالوں سے دکھایا گیا ہے کہ اسلام، رسول، صحابہ، خلفائے راشدین، ازواجِ مطہرات، کلمہ، نماز، متعہ، تقیہ وغیرہ کے متعلق کیسی کیسی سخت اور کچھ باتیں لکھی گئی ہیں۔

اسلام کا نظامِ اخلاق | از محمد اکرم قریشی - ایم اے - ناشر: احیائے دین لائبریری، سیالکوٹ۔

بلاقیمت پمفلٹوں کے اس طویل سلسلے کا تازہ نقش ہمارے سامنے ہے، اس میں دین کی تعلیم بھی ہے اور اخلاقی اصلاح کی تلقین بھی۔

قرآن غیروں کی نظر میں | پیش کش: وامی (ورلڈ اسمبلی آف مسلم یوتھ) ریاض - مترجم: میجر عنایت اللہ ریٹائرڈ - بلاقیمت پتہ ذیل سے حاصل کریں - پرنسپل گورنمنٹ کالج برائے خواتین - چونیاں، ضلع قصور۔

اِس پمفلٹ میں چند نامور غیر مسلموں کی اچھی آراء قرآن کے متعلق جمع کی گئی ہیں۔ بعض لوگوں کی رائے میں قرآن اپنے منکروں کی ستائش سے بے نیاز ہے۔